آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053
موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز اتوار 08 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 216

قطر نے ایران امریکا تنازع ختم کرانے کیلئے نیا سفارتی فارمولا پیش کر دیا

برطانوی اخبار دی گارڈین کی رپورٹ کے مطابق قطر ایران کو اپنی جوہری تنصیبات کے معائنے کے لیے اقوام متحدہ کے معائنہ کاروں کو رسائی دینے پر آمادہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے منصوبے پر عمل درآمد سے آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کی راہ ہموار ہو سکتی ہے

قطری فارمولے کے تحت امریکا فوری طور پر ایران کی بحری ناکہ بندی ختم کرے گا جب کہ ایران کے منجمد 8 ارب ڈالر کے اثاثوں میں سے کچھ رقم بھی جاری کرنے پر آمادگی ظاہر کر سکتا ہے



دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) قطر نے ایران اور امریکا کے درمیان جاری تنازع کے حل اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے نیا سفارتی فارمولا پیش کر دیا ہے۔ برطانوی اخبار دی گارڈین کی رپورٹ کے مطابق قطر ایران کو اپنی جوہری تنصیبات کے معائنے کے لیے اقوام متحدہ کے معائنہ کاروں کو رسائی دینے پر آمادہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ رپورٹ میں لکھا گیا کہ قطری

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی جی آئی ایس پی آر کا کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کا دورہ

نشست کے دوران پاکستان کے پہلے سکھ ڈاکٹر مپال سنگھ نے ڈی جی آئی ایس پی آر کو خوش آمدید کہا

لاہور (سی ایم لنکس) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی لاہور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طلبہ اور فیکلٹی ممبران کے ساتھ خصوصی نشست میں شرکت کی۔ نشست کے دوران پاکستان کے پہلے سکھ ڈاکٹر مپال سنگھ نے ڈی جی آئی ایس پی آر کو خوش آمدید کہا اور پاکستان سے اپنی محبت اور وابستگی کا بھرپور اظہار کیا۔ ڈاکٹر مپال

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوام پر ایک اور بوجھ، بجلی فی یونٹ 2 روپے 36 پیسے مہنگی

نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کیا ضافے کا اطلاق نومبر کے بلوں میں ہوگا، اس کا اطلاق کے الیکٹرک پر بھی ہوگا



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیپرا نے فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی فی یونٹ 2 روپے 36 پیسے مہنگی کر دی۔ نیپرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی کی قیمتوں میں اضافہ ماہانہ فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا گیا، بجلی ستمبر کے فیول

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر داخلہ اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے سوڈان کے وزیر داخلہ کی ملاقات

پاکستان سوڈان میں قیام امن اور تعمیر نو کے عمل میں ہر قسم کا تعاون فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے سوڈان کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل باکر سمرہ مصطفیٰ علی نے ملاقات کی اور وفود کی سطح پر مذاکرات کیے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکی فوج کا ایران کی بحری ناکہ بندی کا دائرہ بحیرہ کیسپین تک بڑھانے کا منصوبہ

امریکی سینٹرل کمانڈ کی جانب سے نئی ٹاسک فورس کے قیام کا اعلان ہفتے کے روز متوقع ہے، جس کا نام آئرن گیٹ رکھا گیا ہے

نئی ٹاسک فورس دیگر امریکی حکومتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرے گی اور اس کی بنیادی توجہ ایران کو جدید ہتھیاروں اور فوجی ساز و سامان کی فراہمی روکنے پر ہوگی



واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی فوج نے ایران کی بحری ناکہ بندی کا دائرہ بحیرہ کیسپین تک بڑھانے اور ایران کی زمینی سرحدوں کے ذریعے نقل و حرکت محدود کرنے کے لیے نئی ٹاسک فورس قائم کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا۔ خبر رساں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اب چیک نہیں چلے گا! 16 نومبر سے نیا نظام نافذ

کیش لیس معیشت کا فروغ حکومت کی اہم ترین ترجیحات میں شامل ہے، وزیر اعظم

اسلام آباد (سی ایم لنکس) حکومت نے چیک کے ذریعے ادائیگیاں ختم کر کے 16 نومبر سے نیا ڈیجیٹل نظام نافذ کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی صدارت میں کیش لیس معیشت کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایل پی جی کی دستیابی کیلئے سرکوت نے نیا نظام متعارف کروا دیا

ایل پی جی کی شفاف نیلامی کے لیے قائم کمیٹی کا پہلا اجلاس سیکرٹری پیٹرولیم کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ مقامی ایل پی جی پیدا کرنیوالے ادارے اپنی مجموعی پیداوار کا 10 فیصد سرکاری مارکیٹنگ کمپنیوں کے لیے مختص کریں گے، جبکہ بقیہ 90 فیصد ایل پی جی میڈیا کی موجودگی میں شفاف نیلامی کے ذریعے فروخت کی جائیگی

کمیٹی کے مطابق نیلامی میں ہر کمپنی کو یومیہ زیادہ سے زیادہ 20 میٹرک ٹن ایل پی جی حاصل کرنے کی اجازت ہوگی، جبکہ تمام اہل کمپنیوں کو مساوی مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایل پی جی کی یومیہ پیداوار کی نگرانی کی جائے گی اور اس حوالے سے اعداد و شمار وزیر اعظم کو پیش کیے جائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے ایل پی جی کی شفاف نیلامی اور منصفانہ تقسیم کے لیے عملی اقدامات شروع کر دیے، اس سلسلے میں قائم کمیٹی کا پہلا اجلاس سیکرٹری پٹرولیم کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ ایل پی جی کی دستیابی اور غیر منصفانہ قیمتوں سے متعلق عوامی تحفظات دور کرنا حکومت کی ترجیح ہے، نیلامی کا نیا نظام ایل پی جی کی منصفانہ تقسیم، سپلائی چین کے استحکام اور توانائی کے تحفظ میں معاون ثابت ہوگا۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ مقامی ایل پی جی پیدا کرنے والے ادارے اپنی مجموعی پیداوار کا 10 فیصد سرکاری مارکیٹنگ کمپنیوں کے لیے مختص کریں گے، جبکہ بقیہ 90 فیصد ایل پی جی میڈیا کی موجودگی میں شفاف نیلامی کے ذریعے فروخت کی جائے گی۔ کمیٹی کے



مطابق نیلامی میں ہر کمپنی کو یومیہ زیادہ سے زیادہ 20 میٹرک ٹن ایل پی جی حاصل کرنے کی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری

بہاولپور پولیس نے گزشتہ دو روز میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 16 ملزمان گرفتار کیے،

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری، بہاولپور پولیس نے گزشتہ دو روز میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 16 ملزمان گرفتار کیے، گرفتار ملزمان کے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک منیر اقبال چنڑ کی ضمنی الیکشن میں بھرپور حمایت پر پیپلز پارٹی کی قیادت اور کارکنوں سے اظہار تشکر

پیپلز سیکرٹریٹ آمد

پیپلز پارٹی کے رہنماں اور کارکنوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور باہمی سیاسی ہم آہنگی، عوامی خدمت اور بہاولپور کی ترقی کے عزم کا اعادہ کیا



بہاولپور + اوچشریف (کرائم رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ نے پیپلز سیکرٹریٹ بہاولپور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ضمنی الیکشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے بھرپور حمایت اور تعاون پر

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

کھلی کچہری میں 17 سے زائد شہریوں نے شرکت کی

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 17 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مرکزی انجمن تاجران اللہ آباد تاجر اتحاد گروپ کی نومنتخب کابینہ کی تقریبِ حلف برداری

چوہدری شفیق احمد نے حلف لیا، تقریب میں تاجر برادری اور معززینِ علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی

تقریب کے اختتام پر نومنتخب کابینہ کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا گیا

اللہ آباد (نامہ نگار) مرکزی انجمن تاجران اللہ آباد) تاجر اتحاد گروپ (کی نومنتخب کابینہ کی پروقار تقریبِ حلف برداری، چوہدری شفیق احمد نے عہدے داران سے حلف لے لیا۔ مرکزی انجمن تاجران اللہ آباد تاجر اتحاد گروپ کی نومنتخب کابینہ کی تقریبِ حلف برداری مقامی ریسٹورنٹ میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی چوہدری شفیق احمد بانی فرینڈز بزنس فورم، چیمبر

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



اللہ آباد: مہمانِ خصوصی چوہدری شفیق احمد مرکزی انجمن تاجران اللہ آباد تاجر اتحاد گروپ کی نومنتخب کابینہ سے حلف لے رہے ہیں

جمعیت علما پاکستان تحصیل لیاقت پور کے زیر اہتمام مرکزی جامع مسجد غوثیہ میں تحفظ تاجدارِ ختمِ نبوت کانفرنس کا انعقاد

ناموسِ رسالت اور ختمِ نبوت کے تحفظ کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا، مفتی محمد ابراہیم قادری صدر جمعیت علما پاکستان سندھ

اللہ آباد (نامہ نگار) جمعیت علما پاکستان تحصیل لیاقت پور کے زیر اہتمام مرکزی جامع مسجد غوثیہ لیاقت پور میں عظیم الشان تحفظ تاجدار ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں عاشقانِ مصطفیٰ کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر امڈ آیا۔ کانفرنس کی صدارت جے یو پی کے سٹی صدر پیر طریقت رہبر شریعت پیر سید سلطان احمد شاہ مہروی نے کی۔ محفل کا باقاعدہ آغاز جمعیت علما پاکستان تحصیل لیاقت

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

محکمہ زراعت احمد پور شرقیہ کی ٹیم کی غیر معیاری اور غیر رجسٹرڈ گندم کے بیج کیخلاف کارروائی

اشرف سیڈز کی دکان پر کارروائی کرتے ہوئے بوریاں جعلی غیر رجسٹرڈ، مس برانڈڈ اور بغیر ٹیگ گندم کے بیج قبضے میں لے لیں

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) غیر معیاری اور غیر رجسٹرڈ گندم کے بیج کے خلاف کارروائی، وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے تحت اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور کی ہدایات پر محکمہ زراعت احمد پور شرقیہ کی ٹیم نے گزشتہ شام اشرف سیڈز کی دکان پر کارروائی کرتے ہوئے بوریاں جعلی غیر رجسٹرڈ، مس برانڈڈ اور بغیر ٹیگ گندم کے بیج قبضے میں لے لیں۔ کارروائی کے دوران سیڈ ایکٹ کے تحت قانونی کارروائی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات، مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔

روڈز دھلائی اور صفائی کیلئے پاکستان کا پہلا فل الیکٹرک سویپر ٹرک متعارف

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پہلے فل الیکٹرک سویپر ٹرک کا افتتاح کر دیا

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو پہلے فل الیکٹرک سویپر پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ

لاہور (سی ایم لنکس) محمد للہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب نے ایک اور


بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں۔

سرکوت ایل پی جی مافیا کو قابو کرنے میں ناکام، فی کلو گیس کی قیمت 600 روپے تک پہنچ گئی

ایل پی جی کی سرکاری قیمت 295 روپے فی کلو مقرر ہے تاہم صارفین کو 600 روپے فی کلو تک گیس فروخت کی جا رہی ہے

دکانداروں کے مطابق پیرافورس اور دیگر ادارے ان کے پمپس اٹھا کر لے جاتے ہیں جبکہ ایل پی جی مافیا اربوں روپے کما رہا ہے اور کارروائیوں کا سامنا دکانداروں کو کرنا پڑتا ہے



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں ایل پی جی کی قیمت میں کمی نہ ہو سکی، اوگرا کی جانب سے قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کے باوجود شہری مہنگے داموں گیس خریدنے پر مجبور ہیں جبکہ حکومت مافیا پر قابو پانے میں ناکام ہے۔ لاہور میں ایل پی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈیجیٹل اصلاحات کے مثبت نتائج، اکتوبر میں 5 ہزار نئی کمپنیوں کی ریکارڈ رجسٹریشن

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں کو آسان بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں۔ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں اکتوبر 2026 کے دوران ریکارڈ 5 ہزار سے زائد نئی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



چولستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈیزرٹ اسٹڈیز اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام منعقدہ فیلڈ ورکشاپ کے موقع پر اساتذہ اور طلباء وطالبات کا گروپ فوٹو۔

پاکستان اور سوڈان کے درمیان سفارتی و سرکاری پاسپورٹس پر ویزا ختم کرنے کا معاہدہ

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور سوڈان کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل باکر سمرہ مصطفیٰ علی نے معاہدے پر دستخط کیے،

دونوں وزرائے داخلہ نے اس پیشرفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے دوطرفہ تعلقات کے فروغ کی جانب اہم قدم قرار دیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد میں پاکستان اور سوڈان کے درمیان سرکاری اور سفارتی پاسپورٹس پر ویزا فری داخلے کا معاہدہ طے پا گیا۔ اس معاہدے کے تحت دونوں ممالک کے سرکاری اور سفارتی پاسپورٹ رکھنے والے افراد کو ایک دوسرے کے ملک میں داخلے کے لیے ویزا حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور سوڈان کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کا تجارتی خسارہ 16 فیصد اضافے سے 14.6 ارب ڈالر ہو گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ (جولائی تا اکتوبر) کے دوران پاکستان کا تجارتی خسارہ 14.6 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا، جو گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے 12.6 ارب ڈالر کے مقابلے میں تقریباً 16 فیصد زیادہ ہے۔ ادارہ شماریات کی دستاویزات کے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیر اعظم پاکستان کی حضرت داتا گنج بخش کے مزار پر حاضری

حکومت تمام زائرین کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی

لاہور (سی ایم لنکس) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ہفتہ کو عظیم صوفی بزرگ حضرت داتا گنج بخش کے مزار پر حاضری دی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حضرت داتا گنج بخش کی تعلیمات محبت، اخوت، بھائی چارے، رواداری، باہمی ہم آہنگی اور خدمتِ انسانیت کا لازوال پیغام ہیں، جو صدیوں سے پاکستان سمیت

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

محض سکیورٹی چیک دکھانے سے رقم کی وصولی ممکن نہیں: لاہور ہائیکورٹ

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عاصم حفیظ نے محمد احتشام کی درخواست پر چھ صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور ہائیکورٹ نے سکیورٹی چیک سے متعلق اہم قانونی فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ محض چیک پیش کر دینے سے اس کی رقم وصول کرنے کا حق پیدا نہیں ہو جاتا، بلکہ چیک کیش کرانے کے لیے پہلے یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ چیک کے عوض رقم واقعی واجب الادا تھی۔ عدالت نے واضح کیا کہ اگر

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مولانا صاحب کو حصہ نہیں ملا، وہ ناراض ہیں: فیصل کریم کنڈی

اگر پھولوں کا شہر بنا دیں اور تمام سہولتیں دے دیں تب بھی مخالفین تنقید کریں گے

پشاور (سی ایم لنکس) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ مولانا صاحب کو حصہ نہیں ملا اس لیے وہ ناراض ہیں، ان کے بغیر حکومت بنی بھی ہے اور چلے گی بھی۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز ہو رہے ہیں اور اس سے دہشت گردی کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سندھ حکومت کا تھرپارکر کو آفت زدہ ضلع قرار دینے کا فیصلہ، 90 فیصد فصلیں تباہ

وزیر اعلیٰ سندھ نے خشک سالی سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کی ہدایت کر دی

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ حکومت نے خشک سالی کی صورتحال کے پیش نظر تھرپارکر کو آفت زدہ ضلع قرار دے دیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے خشک سالی سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کی ہدایت کر دی۔ وزیر اعلیٰ سندھ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ تھرپارکر کے تمام سات تعلقوں میں خشک سالی جیسی صورتحال ہے، جہاں 85 سے 90 فیصد

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت نے صنعتی اور زرعی صارفین کے بجلی ٹیرف میں کوئی تبدیلی نہیں کی

اضافی کھپت پر فی یونٹ نرخ 22 روپے 98 پیسے مقرر، ترجمان پاور ڈویژن

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاور ڈویژن کے ترجمان نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے صنعتی اور زرعی صارفین کے بجلی ٹیرف میں کوئی تبدیلی نہیں کی تاہم موجودہ علاقائی کشیدگی اور عالمی مارکیٹ میں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے باعث صرف اضافی بجلی کی کھپت پر معمولی اضافے کی تجویز دی گئی ہے کیونکہ اضافی کھپت کے لیے بجلی کا فی یونٹ نرخ 22 روپے 98 پیسے مقرر کیا گیا ہے۔ ہفتہ کو اپنے بیان میں ترجمان نے کہا کہ اضافی بجلی کے استعمال کیا کنکریمنٹل پیکیج کے تحت ستمبر 2026 تک 2 لاکھ 9 ہزار 335 صنعتی اور زرعی صارفین مستفید ہو چکے مجموعی طور پر 5 لاکھ 18 ہزار 316 اہل صارفین کا تقریباً 40 فیصد ہیں۔

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہداد پور پولیس ٹریننگ کالج کی 189 ویں پاسنگ آؤٹ پریڈ، 783 اے ایس آئیز تربیت مکمل کر کے سندھ پولیس کا حصہ بن گئے

کراچی/ سانگھڑ (سی ایم لنکس) سندھ پولیس ٹریننگ کالج شہداد پور میں پروبیشنری اسسٹنٹ سب انسپکٹرز (اے ایس آئیز) کی 189 ویں پاسنگ آؤٹ پریڈ منعقد ہوئی، جس میں صوبائی وزیر داخلہ، قانون و پارلیمانی امور ضیاء الحسن لنجار نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ دو تربیتی بیچز کے مجموعی طور پر 783 مرد و خواتین اے ایس آئیز نے نو ماہ کی پیشہ ورانہ تربیت مکمل کر کے سندھ پولیس میں شمولیت اختیار کر لی۔ تربیت مکمل کرنے والوں میں 673 مرد اور 110 خواتین اہلکار شامل ہیں۔ تقریب میں آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو، ڈی آئی جی ٹریننگ فیض اللہ کورجیو، پرنسپل پولیس ٹریننگ کالج

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: پرنسپل ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد گورنمنٹ ایس ای گریجویٹ کالج میں کلام اقبال اور فکرِ اقبال کے عنوان سے ڈیوژنل مقابلے کی صدارت کر رہے ہیں۔

گورنمنٹ ایس ای گریجویٹ کالج میں کلامِ اقبال اور فکرِ اقبال کے عنوان سے ڈویژنل مقابلے کا انعقاد

بہاولپور ڈویژن کے تینوں اضلاع بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان سے تعلق رکھنے والے طلبہ وطالبات نے شرکت کی

بہاول پور (پ ر) گورنمنٹ ایس ای گریجویٹ کالج میں کلام اقبال اور فکرِ اقبال کے عنوان سے ڈویژنل مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس میں بہاولپور ڈویژن کے تینوں اضلاع بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان سے تعلق رکھنے والے طلبہ وطالبات نے شرکت کی۔ تقریب کی صدارت کالج کے پرنسپل ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کی، مقابلے میں شریک طلبہ و طالبات نے علامہ محمد

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



چولستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈیزرٹ اسٹڈیز اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام منعقدہ فیلڈ ورکشاپ کے موقع پر اساتذہ اور طلباء وطالبات کا گروپ فوٹو۔

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

تجویز میں امریکی بمباری سے متاثر ہونے والی ایرانی جوہری تنصیبات کے معائنے کی اجازت دینے پر بھی زور دیا گیا ہے، اس منصوبے پر عمل درآمد سے آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔ دی گارڈین کا کہنا تھا کہ قطری فارمولے کے تحت امریکا فوری طور پر ایران کی بحری ناکہ بندی ختم کرے گا جب کہ ایران کے منجمد 8 ارب ڈالر کے اثاثوں میں سے کچھ رقم بھی جاری کرنے پر آمادگی ظاہر کرسکتا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ قطری منصوبے میں ایران کے افزودہ یورینیم کے ذخیرے کو ملک سے باہر منتقل کرنے کا مطالبہ شامل نہیں، تاہم اس کی افزودگی کی سطح کم کرنے کی تجویز زیرِ غور ہے۔ دوسری جانب ایرانی جوہری تنصیبات تک اقوام متحدہ کے معائنہ کاروں کی رسائی کے معاملے پر تا حال حتمی اتفاق نہیں ہوسکا، ایران کو خدشہ ہے کہ معائنہ کاروں کے ذریعے حاصل ہونے والی حساس معلومات امریکا اور اسرائیل تک پہنچ سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 02

سنگھ کا کہنا تھا کہ میری سرداری پاکستان سے ہے اور مجھے پاکستانی ہونے پر فخر ہے، آزادی کی قدر ان لوگوں سے پوچھنی چاہیے جنہیں آزادی میسر نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو حاصل سہولیات اور مواقع اس ملک کی خوبصورتی کا ثبوت ہیں، پاکستان نے انہیں عزت، شناخت اور تمغہ امتیاز سے نوازا ہے۔ ڈاکٹر ممپال سنگھ کا کہنا تھا کہ ہم اپنی افواج کے ساتھ ہمیشہ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں اور آئندہ بھی کھڑے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 03

فروغ اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی وزراء، گورنر اسٹیٹ بینک، صوبائی چیف سیکریٹریز اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ کیش لیس معیشت کا فروغ حکومت کی اہم ترین ترجیحات میں شامل ہے اور اس اقدام کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ملک بھر میں تمام ادائیگیوں کو 100 فیصد ڈیجیٹل بنانے کے لیے واضح لائحہ عمل اور سخت اہداف مقرر کیے جائیں اور کیش لیس معیشت کے مقاصد حاصل کرنے کے لیے ملک بھر میں بلاتعطل انٹرنیٹ سروس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ شہباز شریف نے ہدایت کی ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام میں صارفین کو پیش آنے والے مسائل اور شکایات کو فوری طور پر حل کیا جائے ساتھ ہی بجلی اور گیس کے بلوں پر کیو آر (QR) کوڈ کے ذریعے ادائیگیوں کی ترغیب دینے کے لیے فوری میڈیا مہم چلائی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 'راست کیو آر کوڈ' کے ذریعے ادائیگیوں کے فروغ کی اسکیم جاری رکھی جائے، یہ نظام کیش لیس معیشت کے وژن میں مرکزی معاون ہے۔ انھوں نے تمام وفاقی وزارتوں اور سرکاری اداروں کو کیش لیس منصوبے پر بلا تاخیر عملدرآمد کی ہدایت کی۔ اجلاس کے دوران حکام نے وزیراعظم کو پیشرفت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا وفاقی اور صوبائی اداروں میں ادائیگیوں کو ڈیجیٹل کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے اور بیشتر سرکاری اداروں کی تمام ادائیگیاں دسمبر 2026 تک مکمل طور پر ڈیجیٹل ہو جائیں گی جبکہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی 100 فیصد ادائیگیاں اب ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے کی جا رہی ہیں۔ 15 نومبر 2026 سے آسان اسائنمنٹ اکاؤنٹس کی چیک کے ذریعے ادائیگیاں ختم کی جا رہی ہیں، اور 16 نومبر 2026 سے یہ ادائیگیاں مکمل طور پر 'راست' ڈیجیٹل نظام سے منتقل ہو جائیں گی۔ اس نظام کو چلانے کے لیے تمام ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ افسران کو تربیت دی جا چکی ہے، جبکہ انٹرنیٹ کی عدم دستیابی والے علاقوں کے لیے جدید متبادل ڈیجیٹل نظام پر بھی کام جاری ہے۔

بقیہ نمبر 04

قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ سماج دشمن عناصر کسی رعائت کے مستحق نہیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق تھانہ کوتوالی، سٹی احمد پورشرقیہ، اوچشریف، دھوڑ کوٹ، سٹی حاصل پور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 06 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 145 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ بغداد الجدید، خیرپور ٹامیوالی، صدر حاصل پور اور تھانہ سٹی احمد پورشرقیہ پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 110 گرام کرسٹل آئس اور 01 کلو گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ تھانہ صدر یزمان، ہیڈ راجکاں، خیرپور ٹامیوالی اور تھانہ قائم پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 06 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کرلی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید انٹیروگیشن شروع کردی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبد الوہاب نے کہا کہ معاشرے کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے پاک کرنا بہاولپور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 05

کاسٹ کی مد میں مہنگی ہوئی۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کیا ضافیکا اطلاق نومبر کے بلوں میں ہوگا، اس کا اطلاق کے الیکٹرک پر بھی ہوگا۔ واضح رہے کہ سی پی پی اے نے ستمبر کی ایڈجسٹمنٹ میں 2 روپے 56 پیسے فی یونٹ کا اضافہ مانگا تھا۔ دوسری طرف نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی) نیپرا (نے صنعتی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے متعارف کرائے گئے بجلی کے خصوصی ٹیرف میں متنازع تبدیلی کا اعلان کردیا، جبکہ نومبر کے مہینے کے لیے بجلی صارفین پر 2.37 روپے فی یونٹ اضافی بوجھ ڈالنے کی بھی منظوری دے دی۔ صنعتی شعبے کی مخالفت کے باوجود کیے گئے اس فیصلے کے منفی اثرات کے الیکٹرک سمیت ملک بھر کی تمام بجلی تقسیم کار کمپنیوں)ڈسکوز (کے صارفین پر پڑنے کا امکان ہے۔ نیپرا کے چاروں ارکان نے متفقہ طور پر پاور ڈویژن اور اس کے ماتحت اداروں کو مقررہ قانونی مدت میں اپنی ذمہ داریاں پوری نہ کرنے کا ذمہ دار قرار دیا، ان کے مطابق اداروں کی اس ناکامی کے باعث نیپرا کو ایک غیر معمولی تعطل کا سامنا کرنا پڑا، جس سے ملک بھر میں بجلی صارفین کے اخراجات میں اضافے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ تنازع کا بنیادی مرکز صنعتی صارفین کے لیے دسمبر گزشتہ سال متعارف کرایا گیا انکریمنٹل سپورٹ پیکیج) آئی ایس پی (تھا، جس کے تحت فی یونٹ 22.98 روپے کا خصوصی نرخ مقرر کیا گیا تھا۔ صنعت کار مئی سے اس پیکیج کے خلاف احتجاج کر رہے تھے اور اسے ختم کرنے کا مطالبہ کر رہے تھے، ان کا مقف تھا کہ اس پیکیج سے انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوا بلکہ اس کے باعث بجلی کے بلوں میں مزید اضافہ ہورہا ہے۔ پاور ڈویژن کی جانب سے نیپرا کو بار بار یاد دہانی کے باوجود تاخیر سے درخواست جمع کرانے کے بعد نیپرا نے خصوصی ٹیرف 22.98 روپے سے بڑھا کر 25.30 روپے فی یونٹ کرنے کی منظوری دے دی۔ اس فیصلے کی نیپرا کے دو اہم ترین ارکان، یعنی ممبر ٹیرف اور ممبر ڈویلپمنٹ نے سخت مخالفت کی، دلچسپ امر یہ ہے کہ نیپرا کے چیئرمین وسیم مختار نے اپنے تحریری مقف میں اختلاف کرنے والے دونوں ارکان کے دلائل اور اعتراضات کی مکمل تائید کی۔ بعد ازاں اپنا خصوصی فیصلہ کن ووٹ استعمال کرتے ہوئے موجودہ نرخ 22.98 روپے برقرار رکھنے کے بجائے اسے بڑھا کر 25.30 روپے فی یونٹ کرنے کی منظوری دے دی، اس معاملے پر اتھارٹی کے ارکان میں 2-2 کی تقسیم ہوگئی تھی۔ ممبر ٹیرف آمنہ احمد اور ممبر ڈویلپمنٹ مقصود انور نے اپنے مشترکہ اختلافی نوٹ میں کہا کہ مجوزہ نظرثانی شدہ نرخ 25.30 روپے فی یونٹ بھی ایک من مانا عدد ہے، جس کے حق میں کوئی ٹھوس شواہد موجود نہیں۔ دونوں ارکان نے اپنے نوٹ میں لکھا کہ وزارت توانائی کی جانب سے تجویز کردہ اور چیئرمین وممبر قانون کی جانب سے منظور شدہ 25.30 روپے فی یونٹ کا نظرثانی شدہ انکریمنٹل ریٹ بظاہر پیکیج کے ابتدائی ڈیزائن کے وقت فرض کیے گئے پیداواری نظام اور تازہ ترین ایندھن کی قیمتوں کی بنیاد پر مقرر کیا گیا ہے۔ اپنا فیصلہ کن ووٹ استعمال کرتے ہوئے نیپرا چیئرمین وسیم مختار نے تسلیم کیا کہ اختلافی ارکان کے نتائج اور سفارشات سنجیدہ غور وفکر کی متقاضی ہیں تاہم موجودہ مرحلے پر اس پیکیج کو معطل کرنا مناسب نہیں ہوگا، وزارت توانائی کو ایک اور موقع دیا جانا چاہئے تاکہ وہ وہ معلومات فراہم کرسکے جن کا نیپرا بار بار مطالبہ کرتا رہا ہے، حتیٰ کہ اپنے تازہ ترین فیصلے میں بھی یہ معلومات طلب کی گئی ہیں۔ نیپرا کے چاروں ارکان اس بات پر متفق تھے کہ پاور ڈویژن کو چھ ماہ قبل نظرثانی شدہ حسابات جمع کرانے تھے، لیکن بار بار یاد دہانی کے باوجود ایسا نہیں کیا گیا، ارکان نے اس بات پر بھی افسوس کا اظہار کیا کہ وزارت نے نیپرا کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات اور اعتراضات کا تسلی بخش جواب نہیں دیا۔

بقیہ نمبر 06

جاری اعلامیہ کے مطابق اس موقع پر پاکستان اور سوڈان کے درمیان سکیورٹی، داخلی امور، سائبر کرائم، پولیس ٹریننگ، ادارہ جاتی تعاون، نادرا اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ پاکستان اور سوڈان کے درمیان سائبر کرائم کے شعبے میں تعاون بڑھانے کے لیے ایم او یو پر دستخط کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کے دوران کہا کہ پاکستان سوڈان میں قیام امن اور تعمیر نو کے عمل میں ہر قسم کا تعاون فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، سوڈان میں نادرا کے تعاون سے 3 کروڑ 60 لاکھ شہریت کارڈز، 90 لاکھ قومی شناختی کارڈز، ایک کروڑ 80 لاکھ پیدائشی اور 5 لاکھ ڈیتھ سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سول رجسٹریشن کے عمل میں آئندہ بھی تعاون کیلئے نادرا ہمہ وقت تیار ہے۔ سوڈانی وزیر داخلہ کے استفسار پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاکستان میں شادی شدہ سوڈانی خواتین کے ویزا مسائل فوری حل کرنے کے احکامات بھی جاری کئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سوڈان کو پولیس افسران کی پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سوڈانی شہری پاکستان میں طبی سہولیات سے استفادہ کر سکتے ہیں، پاکستان کی جانب سے انہیں صحت کے شعبے میں ہر ممکن سہولت اور آسانی فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سوڈانی وزیر داخلہ نے کہا کہ سائبر کرائم کے شعبہ میں


Dawlance
COSTUMER SERVICE CENTER
ALI COOLING CENTER
علی کولنگ سنٹر
احمد علی چوہدری
0300-6816803
0304-8201111
کچہری روڈ نزد UBL بینک احمد پور شرقیہ

پاکستان کی مہارت اور تجربہ سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستان ہمارا برادر ملک ہے، پاکستان کے ساتھ تمام شعبوں میں تعاون کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے خواہاں ہیں۔ سوڈان کے وزیر داخلہ نے پاکستان کی جانب سے مختلف شعبوں میں تعاون پر اظہار تشکر بھی کیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکرٹری داخلہ، سپیشل سیکرٹری و ایڈیشنل سیکرٹریز داخلہ، چیئرمین نادرا، ڈی جی ایف آئی اے، ڈی جی اے این ایف، آئی جی فیڈرل کانسٹیبلری، ڈی جی نیشنل فرانزک ایجنسی، کمانڈنٹ این پی اے، ڈی جی این سی سی آئی اے، ڈی جی پاسپورٹ، چیئرمین سوشل میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی، چیف کمشنر وآئی جی اسلام آباد پولیس بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 07

قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ سماج دشمن عناصر کسی رعائت کے مستحق نہیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق تھانہ کوتوالی، سٹی احمد پورشرقیہ، اوچشریف، دھوڑ کوٹ، سٹی حاصل پور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 06 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 145 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ بغداد الجدید، خیرپور ٹامیوالی، صدر حاصل پور اور تھانہ سٹی احمد پورشرقیہ پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 110 گرام کرسٹل آئس اور 01 کلو گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ تھانہ صدر یزمان، ہیڈ راجکاں، خیرپور ٹامیوالی اور تھانہ قائم پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 06 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کرلی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید انٹیروگیشن شروع کردی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبد الوہاب نے کہا کہ معاشرے کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے پاک کرنا بہاولپور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 08

دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

بقیہ نمبر 09

مرکزی و مقامی قیادت، عہدیداران اور کارکنوں کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنماں اور کارکنوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور باہمی سیاسی ہم آہنگی، عوامی خدمت اور بہاولپور کی ترقی کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ نے کہا کہ وہ پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی اور مقامی قیادت کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ضمنی الیکشن کے دوران جس خلوص، جذبے اور بھرپور انداز میں ان کی حمایت کی، وہ ان کے لیے انتہائی قابلِ قدر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان باہمی احترام، تعاون اور عوامی مفاد کے لیے مشترکہ جدوجہد جمہوری روایات کا حسن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے والد محترم نے گزشتہ 60 سال سے اس شہر کی خدمت کی ہے اور خدمت کا یہ سفر ان شاءاللہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ ہمارا مقصد سیاست برائے سیاست نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور بہاولپور کی تعمیر وترقی ہے۔ ہم سب نے مل کر اس شہر کو سنوارنا اور اسے ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔ ملک منیر اقبال چنڑ نے مزید کہا کہ میاں شہباز شریف اور محترمہ مریم نواز کی قیادت میں بہاولپور کی ترقی کا سفر جاری رہے گا۔ ضمنی الیکشن میں عوام نے جس شاندار انداز میں کامیابی سے ہمکنار کیا، اس پر وہ بہاولپور کے عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل کے حل اور ان کی خدمت کے لیے ان کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں اور وہ بلا تفریق عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی میٹروپولیٹن کارپوریشن بہاولپور کے صدر ملک امتیاز چنڑ نے اپنے خطاب میں ملک منیر اقبال چنڑ کی پیپلز سیکرٹریٹ آمد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ) ن (کے امیدوار ملک منیر اقبال چنڑ کی حمایت دراصل میثاق جمہوریت کی روح، جمہوری روایات اور باہمی سیاسی تعاون کے عزم کی پاسداری تھی۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کے استحکام، سیاسی مفاہمت اور جمہوری اداروں کے احترام کو اہمیت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ، تاہم عوامی مفاد اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے سیاسی جماعتوں کا ایک دوسرے کے ساتھ تعاون وقت کی ضرورت ہے۔ بہاولپور کی تعمیر وترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ تقریب سے سید زوار حسین شاہ، صاحبزادہ عاصم عباسی، فاروق مغل، سید امجد بشیر، پیٹر جان مٹو، ملک اسحاق ایڈووکیٹ، رانا سلیم جان، سید سعید الدین، نذیر بھٹہ ایڈووکیٹ، اجمل جوئیہ، کامران علی، رانا شہزاد، خرم شہزاد، نعمان علی، لیاقت شاہ، خواجہ ولید اور رخسانہ کوثر نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بہاولپور کی ترقی، عوامی مسائل کے حل اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ باہمی تعاون اور سیاسی ہم آہنگی کے ذریعے شہر کو ترقی کی نئی منازل سے ہمکنار کیا جاسکتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر ملک منیر اقبال چنڑ نے پیپلز پارٹی کی قیادت، عہدیداران اور کارکنوں کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ بہاولپور کی ترقی، خوشحالی اور عوامی خدمت کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 10

کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 3 لاکھ 21 ہزار 794 ہوگئی، 99.9 فیصد رجسٹریشن آن لائن مکمل ہوئیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق نئی کمپنیوں میں 55.4 فیصد پرائیویٹ لمیٹڈ اور 41.6 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں شامل ہیں، پنجاب میں 2663، اسلام آباد میں 934، سندھ میں 751، خیبر پختونخوا میں 382 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق اکتوبر میں سب سے زیادہ آئی ٹی میں 991 اور ٹریڈنگ میں 767 جبکہ سروسز میں 594 کمپنیوں کی رجسٹریشن ہوئی۔

بقیہ نمبر 11

جنرل بابکر سمرہ مصطفیٰ علی نے معاہدے پر دستخط کیے، دونوں وزرائے داخلہ نے اس پیشرفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے دوطرفہ تعلقات کے فروغ کی جانب اہم قدم قرار دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ یہ معاہدہ پاکستان اور سوڈان کے دوطرفہ تعلقات میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا، ویزا فری سہولت سے دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط اور وفود کے تبادلے مزید آسان ہوں گے، جبکہ سرکاری سطح پر رابطوں اور باہمی تعاون کے فروغ کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ سوڈانی وزیر داخلہ نے معاہدے کو دونوں ملکوں کے دوستانہ تعلقات اور ادارہ جاتی تعاون کے فروغ کے لیے اہم رار دیا۔ دونوں وزرائے داخلہ نے پاکستان اور سوڈان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم اور مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔ قبل ازیں پاکستان اور سوڈان نے سکیورٹی، داخلی امور، پولیس ٹریننگ، ادارہ جاتی تعاون، نادرا اور سائبر کرائم سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے پر مکمل اتفاق کیا ہے، سائبر کرائم کے شعبے میں تعاون کی خاطر جلد باضابطہ معاہدے پر دستخط کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ سوڈانی وزیر داخلہ کے استفسار پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاکستان میں مقیم شادی شدہ سوڈانی خواتین کے درپیش ویزا مسائل کو فوری حل کرنے کے احکامات جاری کیے، اس کے علاوہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان سوڈانی پولیس افسران کو پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے اور سوڈانی شہری پاکستان میں معیاری طبی سہولیات سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں، جس کے لیے انہیں صحت کے شعبے میں تمام تر ممکنہ آسانیاں دی جائیں گی۔ سوڈانی وزیر داخلہ نے پاکستان کے تجربات بالخصوص سائبر کرائم کے شعبے میں پاکستان کی مہارت سے استفادہ کرنے کی خواہش کا اظہار کیا، انہوں نے کہا پاکستان ہمارا برادر ملک ہے اور ہم اس کے ساتھ تمام شعبوں میں تعاون کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں، انہوں نے پاکستان کی جانب سے مختلف شعبوں میں فراہم کی جانے والی مدد پر وفاقی وزیر داخلہ اور پاکستانی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 12

شہداد پور آصف احمد بگھیو، اراکین صوبائی اسمبلی علی حسن ہنگورجو، جہانگیر جونیجو، عمران دھامراہ، پولیس کے اعلیٰ افسران، سیاسی و سماجی شخصیات، تربیت مکمل کرنے والے اہلکاروں اور ان کے اہل خانہ نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد پولیس کے چاق و چوبند دستے نے مہمان خصوصی کو سلامی پیش کی۔ وزیر داخلہ سندھ نے پریڈ کا معائنہ کیا، جبکہ تربیت مکمل کرنے والے اہلکاروں نے حلف اٹھایا اور شاندار مارچ پاسٹ کا مظاہرہ کیا۔ تقریب میں کمانڈو ایکشن، انسداد ہنگامہ آرائی کی مشقوں اور سندھ کے روایتی ثقافتی مظاہرے ''ہوجمالو'' نے حاضرین سے خوب داد وصول کی۔ اس موقع پر مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں میں انعامات اور اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔ صوبائی وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار نے اپنے خطاب میں کہا کہ شہداد پور پولیس ٹریننگ کالج سندھ پولیس کا ایک اہم اور تاریخی تربیتی ادارہ ہے، جسے جدید سہولیات سے آراستہ کرنے اور تربیت کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے۔ پولیس اہلکاروں کی بہتر تربیت کے لیے ضروری سہولیات، خوراک اور رہائشی انتظامات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے تربیتی اخراجات میں اضافے کے حوالے سے کہا کہ افسران کے تربیتی اخراجات 8 ہزار روپے سے بڑھا کر 10 ہزار روپے کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیر داخلہ نے ٹریننگ کالج کے تدریسی عملے کی خدمات کے اعتراف میں انہیں ایک بنیادی تنخواہ کے برابر خصوصی انعام دینے کا اعلان کیا، جبکہ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے زیر تربیت اہلکاروں کو بھی ایک بنیادی تنخواہ کے برابر انعام دیا جائے گا۔ ضیاء الحسن لنجار نے کہا کہ موجودہ دور میں جرائم کی نوعیت تیزی سے تبدیل ہورہی ہے۔ سائبر کرائم، آن لائن فراڈ اور ڈیجیٹل مالیاتی جرائم پولیس کے لیے نئے چیلنجز ہیں، جن سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مہارتوں اور تفتیش کے جدید طریقوں سے متعلق تربیت ناگزیر ہے۔ تربیتی اداروں میں جدید سہولیات کی فراہمی کا مقصد ایسے باصلاحیت، بااعتماد اور پیشہ ور پولیس افسران تیار کرنا ہے جو عملی میدان میں درپیش چیلنجز کا مؤثر مقابلہ کرسکیں۔ انہوں نے نئے اے ایس آئیز پر زور دیا کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ، قانون کی بالادستی اور امن وامان کے قیام کو اپنی اولین ترجیح بنائیں اور دیانت داری، بہادری، فرض شناسی اور نظم وضبط کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔ شہریوں کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آنا اور بلاامتیاز قانون پر عمل درآمد یقینی بنانا ایک ذمہ دار پولیس افسر کی بنیادی پہچان ہے۔ وزیر داخلہ سندھ نے پولیس شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سندھ پولیس کے افسران اور جوانوں نے صوبے میں امن وامان کے قیام کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ ان قربانیوں کے نتیجے میں شاہراہوں اور مختلف علاقوں میں امن واستحکام کی صورتحال بہتر ہوئی ہے۔ نوجوان پولیس افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت اور عزم کے ذریعے صوبے میں امن کو مزید مستحکم بنایا جاسکتا ہے۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے اپنے خطاب میں کہا کہ تربیت مکمل کرکے عملی میدان میں قدم رکھنے والے 783 اے ایس آئیز سندھ پولیس کی افرادی قوت میں اہم اضافہ ہیں۔ انہوں نے کامیاب اہلکاروں، ان کے والدین اور تربیت کے مراحل میں رہنمائی کرنے والے اساتذہ اور انسٹرکٹرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی پولیس ادارے کی پیشہ ورانہ کامیابی کا انحصار معیاری تربیت، نظم وضبط اور عملی مہارتوں پر ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے ایس آئیز پولیس فورس کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، کیونکہ عوامی شکایات کے ازالے، پولیس کارروائیوں اور شہریوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں ان کا بنیادی کردار ہوتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے اختیارات اور ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے قانون کے مطابق فرائض انجام دیں اور عوام کا اعتماد حاصل کریں۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ مستقبل کی پولیسنگ جدید ٹیکنالوجی سے وابستہ ہے۔ سائبر کرائم، آن لائن فراڈ، ڈیجیٹل مالیاتی جرائم اور منظم جرائم سے نمٹنے کے لیے پولیس افسران کو جدید تفتیشی مہارتوں اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ حکومت نے تفتیشی شعبے کو مزید مستحکم بنانے کے لیے دو ہزار سے زائد نئے اے ایس آئیز کی بھرتی کی منظوری دے دی ہے، جس کے بعد بھرتی اور انتخاب کا عمل شروع کیا جائے گا۔ ان بھرتیوں سے تفتیشی نظام کی استعداد میں اضافہ اور پولیس کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ جاوید عالم اوڈھو نے نئے اے ایس آئیز کو ہدایت کی کہ وہ شہریوں کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئیں، ان کی شکایات توجہ سے سنیں اور قانون کے مطابق فوری دادرسی یقینی بنائیں۔ کسی دباؤ، سفارش یا ذاتی مفاد کو قانون کی عملداری پر اثر انداز نہ ہونے دیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران کا اصل امتیاز ان کی دیانت داری، غیر جانب داری اور عوامی خدمت کا جذبہ ہے۔ اس موقع پر پرنسپل پولیس ٹریننگ کالج شہداد پور آصف احمد بگھیو نے سپاس نامہ پیش کرتے ہوئے ادارے کے تربیتی نظام، کارکردگی اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ زیر تربیت اہلکاروں کے ہاسٹلز کی حالت بہتر بنانے کے لیے مرمت اور بحالی کے خصوصی فنڈز درکار ہیں۔ اس کے علاوہ اسکول آف انویسٹی گیشن، انتظامی عمارت، میس، افسران کی رہائش گاہوں، پانی کی فراہمی کے نظام اور کالج کی اندرونی سڑکوں کی تعمیر و مرمت بھی ضروری ہے۔ اہلکاروں کی جسمانی تربیت کو مزید مؤثر بنانے کے لیے سوئمنگ پول کے قیام اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر میس فنڈ میں اضافے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ تقریب کے دوران بیچ نمبر 184 میں ڈرل و پریڈ کے شعبے میں اے ایس آئی شاکر حسین، جسمانی تربیت میں لیڈی اے ایس آئی نورینہ خٹک، قانون کے مضمون میں لیڈی اے ایس آئی دعا رمضان اور فائرنگ و شوٹنگ میں اے ایس آئی آغا سلمان خٹک نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح بیچ نمبر 185 میں ڈرل و پریڈ میں لیڈی اے ایس آئی صبا اصغر کھٹیان، جسمانی تربیت میں اے ایس آئی فاروق مہمند، فائرنگ و شوٹنگ میں لیڈی اے ایس آئی صائمہ بھرگڑی اور قانون کے مضمون میں اے ایس آئی رحمان گل لغاری نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ تقریب کے اختتام پر آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے صوبائی وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار کو یادگاری شیلڈ پیش کی، جبکہ وزیر داخلہ نے پرنسپل پولیس ٹریننگ کالج آصف احمد بگھیو کو ان کی خدمات کے اعتراف میں تعریفی سند دی۔ بعد ازاں مہمانوں اور شرکاء کے اعزاز میں ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ نمبر 13

اجازت ہوگی، جبکہ تمام اہل کمپنیوں کو مساوی مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایل پی جی کی یومیہ پیداوار کی نگرانی کی جائے گی اور اس حوالے سے اعداد وشمار وزیراعظم کو پیش کیے جائیں گے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ حکومت کا مقصد صارفین کو مناسب قیمتوں پر ایل پی جی کی بہتر فراہمی یقینی بنانا ہے، واضح رہے کہ وفاقی کابینہ نے 4 نومبر 2026 کو ایل پی جی کی شفاف نیلامی کے فریم ورک کی منظوری دی تھی۔ واضح رہے کہ حکومت ایل پی جی کی قیمت پر قابو پانے میں ناکام ہوگئی ہے، صارفین سے سرکاری دام سے دو گنا وصولی کی جا رہی ہے، لاہور، ملتان سمیت کئی شہروں میں ایل پی جی کی 600 روپے فی کلو تک فروخت ہورہی ہے۔

بقیہ نمبر 14

مطابق اکتوبر 2026 میں گزشتہ سال اکتوبر کے مقابلے میں تجارتی خسارے میں 19.7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ستمبر 2026 کے مقابلے میں اکتوبر کے دوران خسارہ مزید 10.3 فیصد بڑھ گیا۔ رپورٹ کے مطابق اکتوبر 2026 میں برآمدات گزشتہ سال کے اسی ماہ کے مقابلے میں 2.2 فیصد بڑھیں، جبکہ درآمدات میں تقریباً 12 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ماہ اکتوبر کے دوران پاکستان کی برآمدات 2.93 ارب ڈالر جبکہ درآمدات 6.8 ارب ڈالر رہیں، جس کے نتیجے میں ماہانہ تجارتی خسارہ 3.87 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ دستاویزات کے مطابق ستمبر 2026 کے مقابلے میں اکتوبر 2026 کے دوران برآمدات میں محض 0.2 فیصد اضافہ ہوا، جس کے مقابلے میں درآمدات میں نمایاں اضافے نے تجارتی خسارے کو مزید بڑھا دیا۔

بقیہ نمبر 15

اقبال کے کلام کی تشریح، مؤثر انداز میں پیش کش اور افکار و نظریات کی فکری تفہیم کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے شعبہ اردو کے ڈاکٹر مظہر عباس، شعبہ تاریخ کے ڈاکٹر مظہر حسین اور گورنمنٹ گریجویٹ کالج بغداد روڈ بہاولپور کے شعبہ اردو کے ڈاکٹر ابوذر منیر نے بطور منصف فرائض انجام دیے۔ مقابلے میں گورنمنٹ ایس ای گریجویٹ کالج بہاولپور کے طالب علم علی حسن نے پہلی، اسی کالج کی طالبہ ماہین فاطمہ نے دوسری جبکہ چشتیاں کالج کے طالب علم محمد علیم نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کہا کہ علامہ محمد اقبال محض ایک عظیم شاعر نہیں بلکہ فکرِ اسلامی، حکمت اور خودی کے عظیم علمبردار تھے، جنہوں نے اپنے کلام کے ذریعے نوجوان نسل کو خود اعتمادی، خودی، بلند حوصلے اور قومی سربلندی کا درس دیا۔ تعلیمی اداروں کی ذمہ داری صرف نصابی تعلیم تک محدود نہیں بلکہ طلبہ میں فکری بیداری، شعور اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کو فروغ دینا بھی ان کے بنیادی فرائض میں شامل ہے۔ پرنسپل ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد اور معزز ججز نے پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ علی حسن، ماہین فاطمہ اور محمد علیم میں ٹرافیاں، شیلڈز اور اسناد لیاقت تقسیم کیں، مقابلے میں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ عنقریب صوبائی سطح کے مقابلوں میں بہاولپور ڈویژن کی نمائندگی کریں گے۔

بقیہ نمبر 16

دنیا بھر کے عقیدت مندوں کے لیے رہنمائی اور مشعلِ راہ کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمام زائرین کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی، جبکہ بیرونِ ملک سے آنے والے عقیدت مندوں کی سہولت کے لیے بھی خصوصی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ وہ پرسکون، باوقار ماحول میں اپنی حاضری مکمل کرسکیں۔ سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ، ایڈمنسٹریٹر داتا دربار محمد علی خان اور دیگر متعلقہ افسران نے نائب وزیراعظم کا استقبال کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر احسان بھٹہ نے انہیں داتا دربار کی جاری توسیع، تزئین و آرائش اور خوبصورتی کے منصوبے، زائرین کی سہولیات میں اضافے کے لیے جاری ترقیاتی اقدامات، سیکیورٹی انتظامات اور منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اسحاق ڈار نے خواتین زائرین کے لیے حال ہی میں تعمیر کیے گئے مخصوص راستے کا خود دورہ کیا، وہاں فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا اور جاری کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے سیکرٹری اوقاف، ایڈمنسٹریٹر داتا دربار، ڈی ایس پی داتا دربار ثاقب بٹ، خطیب مولانا ندیم مختار، ایس ڈی او رانا ذوہیب، مزار انتظامیہ کے دیگر ارکان، محکمہ مواصلات وتعمیرات، نیسپاک اور ٹیپا کی مشترکہ کاوشوں اور خدمات کو بھی سراہا۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے نائب وزیراعظم کو زائرین کی سہولت، آمد و رفت کو منظم بنانے اور مزار پر سیکیورٹی انتظامات مزید موثر بنانے کے لیے محکمہ اوقاف کی جانب سے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ نائب وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت مذہبی و روحانی مقامات کی بہتری اور زائرین کو معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حضرت داتا گنج بخش جیسے عظیم صوفیا کرام کی تعلیمات معاشرے میں امن، محبت، برداشت، رواداری اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ کا اہم ذریعہ ہیں۔ دورے کے اختتام پر اسحاق ڈار، سیکرٹری اوقاف اور دیگر افسران نے مزار پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر مولانا ندیم مختار نے پاکستان کی سلامتی، خوشحالی، ترقی و استحکام اور پوری قوم کی فلاح و بہبود کے لیے خصوصی دعا بھی کروائی۔

بقیہ نمبر 17

جی کی سرکاری قیمت 295 روپے فی کلو مقرر ہے تاہم صارفین کو 600 روپے فی کلو تک گیس فروخت کی جارہی ہے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ اوگرا نے گزشتہ دو ماہ سے ایل پی جی مافیا کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی۔ دکانداروں کے مطابق پیرا فورس اور دیگر ادارے ان کے پمپس اٹھا کر لے جاتے ہیں جبکہ ایل پی جی مافیا اربوں روپے کما رہا ہے اور کارروائیوں کا سامنا دکانداروں کو کرنا پڑتا ہے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ ساڑھے پانچ سو سے 600 روپے فی کلو خریدی جانے والی گیس 295 روپے میں کیسے فروخت کریں؟ گیس سستی ملے گی تو سستی فروخت کریں گے۔ دوسری جانب کراچی میں بھی ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، سرکاری قیمت پر گیس نہ ملنے کے باعث شہری دگنی قیمت ادا کرنے پر مجبور ہیں۔ اوگرا نے نومبر کے لیے ایل پی جی کی قیمت 294 روپے فی کلو مقرر کی ہے لیکن شہر میں دکاندار 500 سے 540 روپے فی کلو کے حساب سے گیس فروخت کر رہے ہیں۔ لاہور کے علاوہ کراچی سمیت ملک کے دیگر شہروں میں بھی ایل پی جی گیس سرکاری ریٹ پر دستیاب نہیں اور کھلے عام من مانی قیمتوں پر فروخت جاری ہے۔ کراچی کے کئی علاقوں میں فی کلو کی قیمت 600 روپے تک بھی پہنچ گئی ہے جبکہ کہیں پر بھی 500 روپے فی کلو سے کم میں ایل پی جی دستیاب نہیں ہے

بقیہ نمبر 18

چیک سیکیورٹی کے طور پر جاری کیا گیا ہوتو اس کی ادائیگی کا انحصار متعلقہ مالی ذمہ داری ثابت ہونے پر ہوگا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عاصم حفیظ نے محمد احتشام کی درخواست پر چھ صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے نظامی فیڈز کی اپیل مسترد کرتے ہوئے ماتحت عدالت کا فیصلہ برقرار رکھا اور چیک کی رقم کی وصولی کا دعویٰ خارج کردیا، عدالتی فیصلے کے مطابق چیک کی پشت پر واضح طور پر ''سیکیورٹی چیک'' تحریر تھا، جبکہ بینک افسر نے بھی عدالت میں تسلیم کیا کہ مذکورہ چیک بطور سیکیورٹی جاری کیا گیا تھا۔ عدالت نے قرار دیا کہ اس صورت میں چیک کو غیر مشروط ادائیگی کا آلہ تصور نہیں کیا جاسکتا بلکہ اس کی ادائیگی متعلقہ شرائط اور واجب الادا رقم کے ثبوت سے مشروط ہوگی۔ درخواست گزار کی جانب سے 39 لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم کا دعویٰ کیا گیا، تاہم عدالت کو اس دعوے کے حق میں پیش کیے گئے شواہد ناکافی اور غیر معتبر معلوم ہوئے۔ فیصلے کے مطابق فریق کی جانب سے حساب کتاب کے کھاتوں کی صرف نقول پیش کی گئیں، اصل کھاتے عدالت میں پیش نہیں کیے گئے اور نہ ہی نقول پیش کرنے کے لیے عدالت سے باقاعدہ اجازت حاصل کی گئی تھی۔ عدالت نے مزید نشاندہی کی کہ پیش کردہ حساب کا کھاتہ ''ایم اے فارم'' کے نام سے تھا، جبکہ چیک مدعا علیہ کے ذاتی بینک اکاؤنٹ سے متعلق تھا۔ اس کے علاوہ مال کی خریداری اور آرڈرز سے متعلق ضروری دستاویزات بھی پیش نہیں کی گئیں، جس کے باعث عدالت نے حساب کتاب کے کھاتے کو قابل اعتماد ثبوت تسلیم کرنے سے انکار کردیا۔ فیصلے میں قرار دیا گیا کہ جب چیک سکیورٹی کے طور پر جاری کیا گیا ہو تو محض اس کی موجودگی یا پیشی سے رقم کی ادائیگی کا حق ثابت نہیں ہوتا، بلکہ دعویدار کو یہ بھی ثابت کرنا ہوگا کہ متعلقہ لین دین کے نتیجے میں واقعی کوئی رقم واجب الادا تھی۔ عدالت نے چیک کی رقم کی وصولی کا دعویٰ مسترد کرتے ہوئے ماتحت عدالت کا فیصلہ برقرار رکھا، دوسری جانب مخالف فریق کی جانب سے دائر ہرجانے کا دعویٰ بھی ثبوتوں کی عدم موجودگی کے باعث مسترد کردیا گیا۔ جسٹس عاصم حفیظ نے تمام متعلقہ اپیلیں خارج کرتے ہوئے قرار دیا کہ مقدمے کے اخراجات کوئی بھی فریق دوسرے کو ادا کرنے کا پابند نہیں ہوگا۔ لاہور ہائیکورٹ کے اس فیصلے میں سکیورٹی چیک کی بنیاد پر رقم کی وصولی کے دعوے کے لیے واجب الادا رقم اور بنیادی لین دین کو قابل اعتماد شواہد سے ثابت کرنے کی اہمیت واضح کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 19

واقعات میں کمی آئے گی۔ گورنر کے پی کا کہنا ہے کہ اگر پھولوں کا شہر بنا دیں اور تمام سہولتیں دے دیں تب بھی مخالفین تنقید کریں گے، 13 سال میں جو کچھ ہوا اس کو ٹھیک کرنے کے لیے موجودہ حکومت اقدامات کر رہی ہے، کسی کو معاف نہیں کیا جائے گا، ہم کام کر رہے ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ بہتر قانون ہوں گے اور صوبے کی بہتری کے لیے قانون سازی کی جائے گی۔ ان کا کہنا ہے کہ ہیلی کاپٹر گورنر، سی ایم اور پی ایم کے لیے ہوتے ہیں، سرکاری کام کے لیے گیا تھا، کسی عیاشی کے لیے ہیلی کا استعمال نہیں کیا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ماضی میں حکومتوں نے پیسے لے کر پرمٹ دیے ہیں جبکہ آج تجاوزات کو ختم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کچھ لوگ کہہ رہے ہیں ہمارے ساتھ زیادتی ہورہی ہے، ان کے لیے فارم بنایا جارہا ہے اور ریڑھی بانوں کے لیے بھی اقدامات کریں گے اور مناسب جگہ فراہم کریں گے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا ہے کہ پولیو ورکرز کے ساتھ جو واقعات ہوئے ہیں ان کے لیے بھی کام کر رہے ہیں، پولیو سے ہم متاثر ہو رہے ہیں، اس کو کم کرنے کے لیے بھی اقدامات کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

فصلیں تباہ یا غیر پیداواری ہوچکی ہیں۔ محکمہ زرعی توسیع کے مطابق فصلوں کو تقریباً 90 فیصد نقصان پہنچا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ستمبر 2026 میں تھرپارکر کے ساتوں تعلقوں میں صرف ایک سے 36 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی، غیر متوازن بارشوں کے باعث فصلیں اور قدرتی گھاس پکنے سے پہلے ہی خشک ہوگئیں۔ مراد علی شاہ نے ہدایت کی کہ تھرپارکر کے عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، غیر فعال آر او پلانٹس کی فوری مرمت کر کے انہیں فعال کیا جائے اور پانی کی فراہمی کے تمام موجودہ ذرائع بحال کیے جائیں۔ وزیراعلیٰ نے چیف سیکریٹری کو نوکوٹ سے مٹھی تک پانی کی لائن بچھانے کی فزیبلٹی کا جائزہ لینے اور پانی کی فراہمی کے لیے طویل المدتی منصوبہ بندی کرنے کی ہدایت بھی کی۔ مراد علی شاہ نے خشک سالی کے باعث متاثر ہونے والے مویشیوں کے تحفظ کے لیے اقدامات سے متعلق سفارشات تیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ خشک سالی سے متاثرہ علاقوں میں امدادی اقدامات کی مسلسل نگرانی کی جائے۔ وزیراعلیٰ سندھ کا کہنا تھا کہ تھرپارکر کے متاثرہ عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، سندھ حکومت ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی، مویشیوں کا تحفظ اور متاثرہ خاندانوں کو ریلیف دینا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 21

دسمبر 2025 سے ستمبر 2026 تک اس پیکیج کے تحت 6 ہزار 940 گیگاواٹ آور اضافی بجلی استعمال کی گئی جبکہ صنعتی اور زرعی صارفین کو مجموعی طور پر 43 ارب 50 کروڑ روپے کا مالی ریلیف فراہم کیا گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ صنعتی صارفین کو اضافی بجلی کے استعمال پر 5 سے 10 روپے فی یونٹ تک ریلیف ملا جس کے نتیجے میں مجموعی بجلی کے بلوں میں اوسطاً ایک روپے 50 پیسے سے 2 روپے 50 پیسے فی یونٹ کمی ہوئی۔ ترجمان نے بتایا کہ عالمی مارکیٹ میں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے باعث بجلی کی پیداواری لاگت بڑھ چکی ہے جبکہ حکومت دیگر صارفین پر بجلی کے اضافی بوجھ کو روکنا چاہتی ہے۔ مارچ 2024 کے مقابلے میں صنعتی بجلی کے نرخوں میں تمام ٹیکسز سمیت پہلے ہی 18 روپے 94 پیسے فی یونٹ کمی کی جا چکی ہے جبکہ اکتوبر 2026 میں صنعتی صارفین کے لیے بجلی کی اوسط قیمت 34 روپے 40 پیسے فی یونٹ رہی۔

بقیہ نمبر 22

آف کامرس اینڈ انڈسٹری رحیم یار خان تھے جنہوں نے نومنتخب عہدے داران سے ان کے عہدوں کا حلف لیا۔ تقریب میں مہمانِ خصوصی کے ہمراہ معزز مہمانانِ اعزاز بھی شریک ہوئے جن میں چوہدری عبد الرف رائل گروپ آف انڈسٹری چوہدری شوکت حیات فرینڈز بزنس فورم گروپ آف انڈسٹری چوہدری شہاب سرور گروپ لیڈر فرینڈز بزنس فورم چوہدری میاں وقاص احمد گروپ ممبر فرینڈز بزنس فورم میاں محمد صبغت اللہ خان راشد رفیق چوہدری میاں محمد سمیع اللہ خان بلال مصطفےٰ خان رانا ابراہیم، اور چوہدری سلیم سمیت دیگر اہم شخصیات بھی اسٹیج پر موجود تھیں۔ مہمانِ خصوصی چوہدری شفیق احمد نے تاجر اتحاد گروپ کے مرکزی عہدے داران سے حلف لیا جن میں چیف آرگنائزر رئیس یاسر عرفات چیف ایڈوائزر چوہدری محمد یعقوب سرپرستِ اعلیٰ سید طارق محمود مظہر اور سید فیض احمد شاہ گیلانی چیئرمین سید الیاس رضا وائس چیئرمین حاجی محمد اقبال بھٹی صدر حاجی رانا حاجی نذیر احمد سینئر نائب صدر میاں کاشف حسین کھرل جنرل سیکرٹری ملک محمد شعیب جوائنٹ سیکرٹری محمد بلال بلوچ فنانس سیکرٹری میاں احمد محمود سیکرٹری نشر و اشاعت ملک رفیع احمد خاور رابطہ سیکرٹری جیو شہباز چیئرمین مجلس عاملہ میاں احمد علی کھرل نائب صدور جن میں میاں نصر اللہ خان، سید واجد بخاری، ملک محمد سلمان مسن، رانا یاسر عرفات، قاضی فاروق احمد ہاشمی، مہر اسلم سیال، محمد عبداللہ سنارا، ملک عطاالرحمٰن، شہزاد احمد خان چانڈیہ، اکبر خان، رانا محمد حبیب، حشمت اللہ جٹ، میاں صولت جاوید، رانا محمد عدنان سمیع، محمد سیف اللہ بوہر، رانا محمد وسیم چنڑ اور حاجی سعید احمد شامل۔ لیگل ایڈوائزرز اقرار احمد خان ایڈووکیٹ، محمد اقبال فخری ایڈووکیٹ جبکہ ممبرانِ مجلس عاملہ میں ملک ریاض احمد سولنگی، شیخ امجد سلیم، محمد اکبر غوری، اے ڈی بھٹی، خواجہ بشیر احمد، میاں خالد محمود قادری، سید عاشق حسین بخاری، محمد اویس جھنج اور ملک محمد اختر سولنگی شامل تھے۔ ان کے علاوہ معاونین کے طور پر ملک محمد خالد مسن رانا قاسم محمود اور سید ارسلان بخاری نے ذمہ داریاں سنبھالیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی چوہدری شفیق احمد نے نومنتخب کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت اللہ آباد کے تاجروں کے مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے دن رات ایک کرے گی۔ نومنتخب عہدے داران نے شرکا اور تاجر برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ تاجروں کے اعتماد پر پورا اتریں گے اور مقامی سطح پر کاروبار سازگار بنانے اور تاجروں کو درپیش مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کروانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کریں گے۔ تقریب میں اسٹیج سیکرٹری کے فرائض طارق ملک نے انتہائی خوش اسلوبی سے سرانجام دیے۔ تقریب میں تاجر برادری اور معززینِ علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر نومنتخب کابینہ کے اعزاز میں پروقار عشائیہ بھی دیا گیا۔ #

بقیہ نمبر 23

اعزاز حاصل کرلیا، پنجاب نے روڈز دھلائی اور صفائی کیلئے پاکستان کا پہلا فل الیکٹرک سوئپر ٹرک متعارف کرادیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستان کے پہلے فل الیکٹرک سوئپر ٹرک کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فل الیکٹرک سوئپر ٹرک کا معائنہ کیا اور ورکنگ کا مشاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو پہلے فل الیکٹرک سوئپر پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ لاہور رنگ روڈ پر الیکٹرک میکینیکل سوئپر ٹرک صفائی اور سڑک کی دھلائی کرے گا۔ فل الیکٹرک سوئپر/ بروم پہلی مرتبہ سڑک پر موجود پانی بھی جذب/ صاف کرے گا۔ فل الیکٹرک سوئپر/ بروم چارجنگ کے بعد 70 کلومیٹر تک رینج میں کام کرے گا۔ فل الیکٹرک سوئپر کے زیرو کاربن اخراج کی وجہ سے ماحولیاتی آلودگی میں کمی آئے گی۔ فل الیکٹرک سوئپر سے سڑک پر گرد و غبار میں کمی آئے گی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ فل الیکٹرک سوئپر سے شور کم ہونے سے سمعی آلودگی کم کرنے میں مدد ملے گی۔ فل الیکٹرک سوئپر کی وجہ سے فیول اور مرمت وغیرہ کے بھاری اخراجات بھی ختم ہوجائیں گے۔

بقیہ نمبر 24

عمل میں لاتے ہوئے متعلقہ چالان مزید قانونی کارروائی کے لیے عدالت میں جمع کروا دیا گیا۔ محکمہ زراعت کی جانب سے غیر معیاری اور غیر قانونی زرعی مداخل کی روک تھام اور کاشتکاروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 25

پور کے جنرل سیکرٹری قاری محمد اکرم چشتی نے اپنی مسحور کن آواز میں تلاوت کلام پاک سے کیا۔ جبکہ محفل کو رونق بخشنے کے لیے حضرت علامہ حافظ ظہور احمد گل محمدی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ کانفرنس کے مہمانِ خصوصی جانشین اعظم حضرت علامہ مفتی محمد ابراہیم قادری صدر جمعیت علما پاکستان سندھ نے اپنے ولولہ انگیز خطاب میں کہا کہ عقیدہ ختمِ نبوت اسلام کی اساس اور روح ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تاجدارِ ختمِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناموس پر پہرہ دینا ہر مسلمان کے ایمان کا بنیادی حصہ ہے اور جے یو پی اس مشن کے لیے ہمیشہ فرنٹ لائن پر رہے گی۔ صوبائی نائب صدر جے یو پی جرنیل اہلسنت چوہدری محمد ریاض احمد نوری نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ناموسِ رسالت اور ختمِ نبوت کے تحفظ کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا اور باطل قوتوں کی ہر سازش کو ناکام بنانا علما اور عوام کا مشترکہ ہدف ہے۔ استقبالیہ خطابات اور عقیدہ ختمِ نبوت کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے حضرت علامہ مفتی محمد سیف الرحمٰن اویسی حضرت علامہ مولانا مفتی احمد عبد الرحمٰن قادری شاذلی حضرت علامہ مولانا مفتی احتشام الحسن فیضی حضرت علامہ مفتی غلام سبحانی مفتی محمود احمد سعیدی نے اپنے خطابات میں ملتِ اسلامیہ کو درپیش چیلنجز اور عقیدے کے تحفظ کے لیے بیداری شعور کی ضرورت پر تفصیلی گفتگو کی۔ کانفرنس میں تحصیل بھر سے آنے والے جید علما کرام، مشائخ عظام اور تنظیمات اہلسنت کے وفود نے بھرپور قافلوں کی شکل میں مرکزِ کانفرنس پہنچے۔ عاشقانِ مصطفیٰ کے اس کثیر جمِ غفیر نے کانفرنس کو ایک تاریخی رنگ دے دیا۔ اختتام پر ملک وملت کی سلامتی اور تحفظِ ختمِ نبوت کے مشن کی کامیابی کے لیے رقت آمیز دعائیں مانگی گئیں۔ #

☆☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ